© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف وتبصرہ کتب

## نعت نمبر ا ماہنامہ الرشید لاہور

مرتب ! مولانا عبدالرشید ارشد مدظلہ صفحات ۱۴۸۰
مضبوط اور شاندار جلد بندی۔

ہدیہ ! قسم اول ۱۵۰۰ روپے قسم دوم ۱۸۰۰ روپے ناشر ! ماہنامہ الرشید ۲۵ لوئر مال لاہور پنجاب۔

ماہنامہ الرشید کا زیر تبصرہ نعت نمبر، الرشید کے خصوصی نمبرات کی اشاعت و انتخاب میں ترقی و کمال کی معراج ہے اور وللآخرۃ خیر لک من الاولی کا عکس جمیل، لا ریب اس سے قبل الرشید کے مدیر شہیر مولانا عبدالرشید ارشد کی عظیم تاریخی کاوشیں دارالعلوم دیوبند نمبر، مدنی و اقبال نمبر، بیس بڑے مسلمان اپنی مثال آپ ہیں مگر نعت نمبر تو اپنے منعوت کی طرح ہے ہی بے مثال جو دو جلدوں پر مشتمل ہے آغاز میں مولانا محمد اشرف خان، پروفیسر ریاض مجید، سید شبیر حسین زاہد کے گراں قدر مضامین سے نعتِ مصطفوی ﷺ کی اہمیت و دینی حیثیت اور نعتیہ ادب کا تاریخی پس منظر اور تدریجی ارتقاء اور اس کی تاریخ کا مستند مواد یکجا مل جاتا ہے اٹھارہ سو عربی فارسی اردو اور برصغیر کی علاقائی زبانوں پر مشتمل نعتوں کا یہ مجموعہ جس میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے لیکر آج تک تمام قابل ذکر نعت گو شعراء کے نعتیہ کلام کا انتخاب آگیا ہے ایک عظیم تاریخی اور تحقیقی شاہکار ہے جس کی جتنی بھی داد دی جائے کم ہے۔

آرٹ پیپر پر چار رنگوں کی دیدہ زیب طباعت ہر صفحہ کی پیشانی پر آیت وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین اور ہر صفحہ پہ ۳ مرتبہ اسم محمد کے گرد ۱۰ مرتبہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تین رنگ میں دلکش حاشیہ متن کے نعتیہ کلام کے حسن میں اضافہ کرتا ہے آج تک نعت کی کوئی کتاب نہ اتنی حسین شائع ہوئی اور نہ کسی کتاب میں صلوٰۃ وسلام کی اس قدر کثرت دیکھی گئی کم و بیش دو لاکھ صلوٰۃ وسلام اس نمبر میں مشک بار ہے۔ علمی اور ادبی دنیا مولانا عبدالرشید ارشد مدظلہ سے اچھی طرح متعارف ہے ان کو اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ علمی و مطالعاتی ذوق اور تحقیقی ملکہ کے ساتھ بہترین تصنیفی اور تحریری صلاحیتوں سے بھی نوازا ہے ان کی عظیم تر علمی اور تاریخی کاوشیں یعنی الرشید کے مذکورۃ الصدر خصوصی نمبرات علمی تحقیقی اور تاریخی حلقوں میں ایک مستند مقام رکھتی ہیں۔

کتابوں کا مطالعہ آسان ہے مگر کسی خاص موضوع اور عنوان کے لیے مفیدِ موضوع مواد کا مہیا کرنا ہر

© rasailojaraid.com